**Maulana Azad National Urdu University**

**B.Com : (BBCM101CCT) I Semester Examination - December - 2019**

**Paper : Financial Accounting**

**پرچہ : فینانشیل اکاؤنٹنگ**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

**خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔**

(i) میزانی گوشوارہ میں بائیں جانب بتائے جانیوالے مدات------------------------------ ہیں۔

(ii) فرنیچر پر فرسودگی کی رقم کو نفع ونقصان کھاتہ کے ------------------------------------ کیجانب بتلایا جاتا ہے۔

(iii) امدادی کتب کی تعداد------------------- ہے۔

(iv) حقیقی کھاتہ کا اُصول---------------------------------------------- ہے۔

(v) ترسیل مال میں مال کا بھیجنے والا------------------------------ ہوتا ہے۔

**بتائیے کہ ذیل کے بیانات صحیح یا غلط ہیں۔**

(vi) موصولہ کمیشن کو نفع ونقصان کھاتے کے ڈیبٹ کی جانب بتایا جاتا ہے۔ (صحیح/غلط)

(vii) پلانٹ قائم اثاثوں کی مثال ہے۔ (صحیح/غلط)

(viii) فروخت کی کتاب میں ادھار فروخت کا اندراج کیا جاتا ہے۔ (صحیح/غلط)

(ix) کھاتوں کی دس قسمیں ہیں۔ (صحیح/غلط)

(x) واجبات - اثاثے = سرمایہ (صحیح/غلط)

P.T.O

## حصہ دوم

2۔ درجہ ذیل کو موزوں امدادی کتب میں درج کیجیے۔

یکم مئی۔ راہول کو مال فروخت کیا گیا۔ -/6500 روپے

3/ مئی۔ ماجد کو مال فروخت کیا گیا۔ -/6000 روپے

8/ مئی۔ راہول نے مال واپس کیا۔ -/700 روپے

11/ مئی۔ سراج کو مال واپس کیا گیا۔ -/1000 روپے

12/ مئی۔ جاوید کو مال واپس کیا گیا۔ -/900 روپے

13/ مئی۔ جاوید کو مال فروخت کیا گیا۔ -/2000 روپے

17/ مئی۔ فہیم کو مال فروخت کیا گیا۔ -/4000 روپے

18/ مئی۔ فہیم نے مال واپس کیا۔ -/500 روپے

19/ مئی۔ نوید کو مال فروخت کیا گیا۔ -/5000 روپے

3۔ درجہ ذیل غلطیوں کی اصلاح کیجیے۔

(i) فرنیچر خریدا گیا۔7000 روپے لیکن آفیس کے اخراجات میں غلطی سے ڈیبٹ کیا گیا۔

(ii) فرزان کو مال فروخت کیا گیا لیکن کھاتوں میں درج نہیں کیا گیا۔5000 روپے۔

(iii) فاروق سے 4000 روپے وصول ہوئے لیکن غلطی سے شاہ رخ کے کھاتے میں میں کریڈیٹ کئے گئے۔

(iv) خرید کی کتاب میزان 2000 روپے کم کیا گیا۔

(v) کمیشن 500 روپے وصول ہوئے لیکن سود کے کھاتے میں کریڈیٹ کئے گئے

(vi) کرایہ 2000 روپے ادا کرکے غلطی سے مرمت کے اخراجات میں بتایا گیا۔

4۔ جرنل اندراجات کیجیے۔

یکم مارچ۔ کاروبار کا آغاز کیا گیا۔40000 روپے

2/مارچ۔ تنخواہیں ادا کیں گئیں۔14000 روپے

5/مارچ۔ نقد مال خریدا گیا۔17000 روپے

7/مارچ۔ نقد مال فروخت کیا گیا۔30000 روپے

9/مارچ۔ کرایہ وصول ہوا۔2000 روپے

12/مارچ۔ اسٹیشنری کے لئے ادائی 1000 روپے

14/مارچ۔ مرمت کے لئے ادائی 2100 روپے

5۔ غلطی کیا ہے؟ اس کے اقسام کی وضاحت کیجیے۔

6۔ کھاتہ (Account) کی تعریف کرتے ہوئے ڈیبٹ کریڈیٹ کے اصول کو بیان کیجیے۔

7۔ مخالف/ معکوس اندراج کیا ہے؟

8۔ تجارتی کھاتہ کانمونہ دیجیے۔

9۔ مستقل/قائم اثاثے کی تعریف کیجئے۔اوراس کی مثالیں دیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ دوہرااندراج کیاہے؟اس کے فائدے بیان کیجئے۔

11۔ امدادی کتب کسے کہتے ہیں ان کے مختلف کتابوں پرمختصرنوٹ لکھیے۔

12۔ ذیل کے تفصیلات کی مدد سے تین خانوں والی(Tree Column) نقدی کتاب میں تیار کیجئے۔

یکم/جون۔ ہاتھ میں نقدی 40,000 روپے

بینک میں رقم 25,000 روپے

3/جون۔ نقدفروخت 3000 روپے

7/جون۔ مال کی خریدادائی بذریعہ چیک 5000 روپے

10/جون۔ بینک میں رقم جمع کروائی گئی 2000 روپے

12/جون۔ احمدکونقدادائی 1850روپے ڈسکاونٹ ملا 240روپے

16/جون۔ آفیس کے استعمال کے لئے بینک سے رقم نکالی گئی3000 روپے

19/جون پرانی مشنری فروخت کی گئی رقم بذریعہ Paytm وصول ہوئی2400 روپے

25/جون۔ اشتہارکےاخراجات اداکئے گئے۔ 150 روپے

28/جون۔ ولی سے چیک وصول ہوا 1980روپے ڈسکاونٹ دیا گیا۔120 روپے

(ولی کے چیک کو بینک میں جمع کروادیا گیا)

30/جون۔ تنخواہیں بذریعہ چیک ادا کی گئیں۔ 3280 روپے

13۔ ذیل کےتفصیلات کی مدد سے بہی کھاتے (Ledger Accounts) تیار کیجیے۔

یکم جنوری صمد کو مال فروخت کیا گیا 5000روپئے

2 جنوری صمد سے رقم حاصل ہوئی 2000روپئے

4 جنوری سراج کو مال فروخت کیا گیا 8000روپئے

6 جنوری سراج سے نقدی حاصل ہوئی 6000روپئے

9 جنوری نوید سے مال خریدا گیا 4000روپئے

12 جنوری نوید کو مال واپس کیا گیا 1000روپئے

14 جنوری نوید کورقم ادا کی گئی 2000روپئے

16 جنوری صمد کو کو مال فروخت کیا گیا 3000روپئے

20 جنوری صمد نے مال واپس کیا 500روپئے

14۔ ذیل کے آزمائشی گوشوارے کی مدد سے حمید یہ برادرس کے آخری کھاتے (فائینل اکاونٹس) سال ختم 31.03.2018 پر تیار کیجئے۔

| تفصیلات | ڈیبٹ روپے | کریڈیٹ روپے |
|---|---|---|
| سرمایہ | --- | 1,00,000 |
| ڈرائینگس | 18,000 | ---- |
| عمارتیں | 15,000 | |
| فرنیچر | 7,500 | |
| موٹرویان | 25,000 | |
| ہری سے قرض بحساب 12 فیصد | ---- | 15,000 |
| مذکورہ بالا پر سود ادا کیا گیا۔ | 900 | --- |
| فروخت | ---- | 1,00,000 |
| خرید | 75,000 | ---- |
| افتتاحی اسٹاک | 25,000 | --- |
| مرمت | 15,000 | ---- |
| اجرتیں | 3,000 | ---- |
| کمیشن وصول ہوا | ---- | 4,500 |
| دین دار | 28,100 | ---- |
| بینک بیالنس | 20,000 | ---- |
| لین دار | ---- | 10,000 |
| سود | ----- | 3,000 |
| | 2,32,500 | 2,32,500 |

تطبیقات: (i) 31.03.2018 پر اختتامی اسٹاک 32000 روپئے تھا۔

(ii) واجب الادا اجرتیں 500 روپئے۔

(iii) پیشگی وصول شدہ کمیشن 1300 روپئے۔

(iv) عمارتوں پر 5 فیصد، فرنیچر پر 10 فیصد، موٹرویان پر 10 فیصد فرسودگی عائد کیجیے۔

☆☆☆